**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/30/5 ***گورنر KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے ریاست بھر کے کاروباروں کو اہم وسائل اور خدمات سے مربوط کرنے کے لیے انٹرایجنسی اسمال بزنس ٹور کا اعلان***

***6 جون سے آغاز، ریاستی نمائندگان کا ریاستی پروگرامز اور اسمال بزنسز کو کامیاب ہونے کے لیے خدمات کے بارے میں بتانے کے لیے یوٹیکا، ٹرائے، راجسٹر میں اسٹاپ***

***نیو یارک کی اسمال بزنس کمیونٹی کی حمایت کے لیے گورنر کے جاری عزم کا حصہ***

***شرکت کرنے کے لیے کاروباری ادارے یہاں سے رجسٹر ہو سکتے ہیں۔***

گورنر Kathy Hochul کی جانب سے آج ریاست نیو یارک کے محکمہ محنت کی قیادت میں نیو اسمال بزنس آؤٹ ریچ کوششوں کے آغاز کا اعلان کیا گیا، تاکہ کاروباری افراد کو بلا معاوضہ امداد اور خدمات میں مدد دی جا سکے۔ گورنر کے ان اہم اقتصادی شراکت داروں کے ساتھ جاری عزم کے ایک حصے کے طور پر، ریاست نیو یارک کے محکمہ محنت، محکمہ ریاست اور ٹیکس و مالیات، ورکرز کمپنسیشن بورڈ، اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے نمائندگان اسمال بزنس کے مالکان کو لائسنسنگ، ضوابط، ٹیکسز، گرانٹس، تربیت، اور مزید بہت کچھ سے متعلق معلومات بہم پہنچانے کے لیے ریاست بھر میں سفر کریں گے۔

"اسمال بزنسز نیویارک کی معیشت میں - مقامی ملازمتیں پیدا کرنے، گردونواح کو دوبارہ متحرک کرنے، اور کمیونٹیز کو اکٹھا کرنے کے لیے بنیادی مرکز ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم ریاست بھر میں اسمال بزنسز کے لیے بغیر لاگتی وسائل براہ راست لانے کے لیے پُرجوش ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ انھیں وہ حمایت حاصل ہے جس کے وہ مستحق ہیں۔"

**ریاست نیویارک کی کمشنر برائے محنت Roberta Reardon نے کہا،** "ہمارے اسمال بزنسز کمیونٹیز کا اہم مرکز ہیں اور ہماری معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ریاست نیو یارک محکمہ محنت بغیر لاگت کے وسائل پیش کرتا ہے جو اسمال بزنسز کو عالمی مارکیٹ میں مسابقتی رہنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ میں کاروباری افراد کو ان سیشنوں میں سے کسی ایک میں شرکت کرنے کی ترغیب دیتی ہوں تاکہ اس بارے میں مزید جان سکیں کہ ریاست نیو یارک آپ کو کامیاب ہونے میں کس طرح مدد دے سکتی ہے۔"

ٹور کے نمایاں مقامات یوٹیکا، ٹرائے، راچسٹر اور بفلو میں ہیں، اور یہ ریاست نیو یارک کی چھوٹے کاروبار کو آگے بڑھانے، معاونت دینے اور مضبوط کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے جو ان کی مقامی کمیونٹیز میں نمایاں اقتصادی اثرات مرتب کرتے رہتے ہیں۔

**اسمال بزنس ٹور**

- بروز منگل، 6 جون، صبح 8:30 بجے - موہاک ویلی کمیونٹی کالج، انفارمیشن ٹیکنالوجی سینٹر، یوٹیکا
- بروز منگل، 6 جون، شام 5:30 بجے - ہڈسن ویلی کمیونٹی کالج، بلمر ٹیلی کمیونیکیشنز سینٹر، ٹرائے

- بروز منگل، 13 جون، صبح 8:30 بجے - جیکولین ویٹو لوروسو ایلومنی اینڈ وزیٹر سینٹر، 667 گرانٹ اسٹریٹ، بفلو
- بروز بدھ، 14 جون، صبح 8:30 بجے - راچسٹر تعلیمی مواقع مرکز (Rochester Educational Opportunity Center)، 161 چیسٹنٹ سٹریٹ، راچسٹر

شرکت کے خواہشمند اسمال بزنسز اسمال بزنس ٹور رجسٹریشن فارم کی وساطت سے رجسٹر ہو سکتے ہیں۔

NYSDOL ریاست نیو یارک میں ہر قسم کے چھوٹے بڑے کاروبای اداروں کو معاونت دینے کے لیے متعدد خدمات کی پیشکش کرتا ہے۔ اس کے کاروباری خدمات کے نمائندگان، ان کے کاروباری اہداف کو پورا کرنے میں مدد دینے کی خاطر اپنی مرضی کے مطابق حل تخلیق کرنے کے لیے کاروباری افراد کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ محکمہ بلامعاوضہ انسانی وسیلہ جاتی خدمتی مشاورتیں بھی پیش کرتا ہے اور آجران کو ہنر مند کارکنان تلاش کرنے میں مدد دینے کے لیے افرادی قوت کی بھرتی میں معاونت دیتا ہے۔ NYSDOL بھرتیوں میں اضافہ، ٹیکس کریڈٹس اور فنڈنگ مواقع پر رہنمائی کی پیشکش کرتا ہے جو آجران کو لاگتوں میں کمی لانے میں مدد دے سکتے ہیں۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ میں اسمال بزنس کی ترقی ہمارے مشن کا بنیادی حصہ ہے، اور ہمیں اس کثیر الایجنسی کوشش کا حصہ ہونے پر فخر ہے جو ان کی ترقی و خوشحالی کے لیے وسائل اور خدمات مہیا کرنے کی کوششوں میں سرگرداں ہے۔ اسمال بزنس ریاست نیو یارک کی معیشت کی جان ہیں، اور ان کی کامیابی ہماری کامیابی ہے۔"

**نیو یارک کے سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "محکمہ ریاست کو نیو یارک کے باشندوں تک براہ راست حکومتی وسائل بہم پہنچانے والی ہماری شراکتی ایجنسی کے ساتھ شراکت کرنے پر فخر ہے۔ ہمارے لائسنسنگ اور کارپوریشنز ڈویژنز ہمارے اسمال بزنسز کو ترقی کرنے کے قابل بنانے کے علاوہ ہماری معیشت میں حصہ ڈالنے کے لیے بھی مواقع اور وسائل فراہم کرتے ہیں۔"

**ریاست نیو یارک ورکرز کمپنسیشن بورڈ کی صدر Clarissa M. Rodriguez نے کہا،** "بورڈ نیویارک کے اسمال بزنسز کو ورکرز کمپنسیشن کے قانون کے تحت ان کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں آگاہی دینے، اور مسائل پیدا ہونے کی صورت میں ان کی معاونت کرنے کے لیے وقف ہے۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہمیں دیگر ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کا موقع ملا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اسمال بزنسز کے پاس وہ ٹولز اور معلومات ہیں جو انہیں ترقی و خوشحالی کے لیے درکار ہیں۔"

**ریاست نیو یارک محکمہ ٹیکس و مالیات کی قائم مقام کمشنر Amanda Hiller نے کہا،** "محکمہ ٹیکس میں، ہم اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ اسمال بزنسز مالکان، جو ہماری معیشت کے اہم کھلاڑی ہیں، برابری کے میدان میں مقابلہ کرنے کے قابل ہیں، لہٰذا ہم اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں کہ ٹیکس کی ادائیگی کی تعمیل ممکن حد تک آسان ہو۔"

گورنر Hochul نیویارک کو قومی سطح پر کارکنان کے لیے انتہائی سازگار اور اسمال بزنس کے لیے سازگار ریاست بنانے کے لیے تیار کردہ اقدامات کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ گورنر نے نیویارک کی اسمال بزنس کمیونٹی کی حمایت کرنے اور ریاستی عالمی وباء سے بحالی کی کوششوں کو تیز کرنے کے لیے 1$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی، جس میں COVID-19 عالمی وباء اسمال بزنس بحالی گرانٹ پروگرام کے لیے 800$ ملین، سیڈ فنڈنگ گرانٹ پروگرام کے لیے 200$ ملین، اور وفاقی ریاست اسمال بزنس کریڈٹ کے اقدام کے لیے 550$ ملین شامل ہیں۔ گورنر نے FY 2024 کے بجٹ کے حصے کے طور پر مقامی معیشتوں میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے اضافی 1$ بلین کی فنڈنگ بھی حاصل کی، جس میں علاقائی اقتصادی ڈویلپمنٹ کونسلز کے لیے گرانٹ فنڈنگ میں 225$ ملین اور ٹیکس کریڈٹس، ہر ایک کو اضافی سال کی فنڈنگ کے لیے ڈاؤن ٹاؤن احیا نو اقدام اور NY فارورڈ کی جانب سے 100$ ملین، RESTORE نیو یارک کمیونٹی اقدام کے لیے 50$ ملین، NYWORKS اکنامک

ڈیولپمنٹ فنڈ کے لیے 400$ ملین اور کمیونٹی کی ترقی و خوشحالی میں معاونت دینے والے پروجیکٹس کے لیے تقریباً 200$ ملین شامل ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418